© rasailojaraid.com

محقق کے شایاں شان نہیں اور یہ لب ولہجہ کم ازکم ایک سنجیدہ قلم خاتون کو زیب نہیں دیتا ان دو تین فروگذاشتوں سے قطع نظر محترمہ آمنہ خاتون کا ذوقِ تحقیق، فنی بصیرت، اور وسیع مطالعہ بہرنوع لایق صد آفریں ہے اور ہمیں امید رکھنی چاہیئے کہ سید انشا پران کی محققانہ کتاب اردو ادب کا ایک نہایت قیمتی شاہ کار ہوگی۔

بوستان حسرت تقطیع کلاں ضخامت ۱۳۶ صفحات کتابت وطباعت اور کاغذ اعلیٰ قیمت درج نہیں پتہ:- کانفرنس بک ڈپو سلطان جہاں منزل علی گڈھ

نواب صدر یار جنگ مولانا حبیب الرحمٰن خاں صاحب شیروانی جو ہماری گذشتہ محفل علم و ادب کی آخری بہار ہیں چند در چند اوصاف وکمالات کے جامع ہونے کی حیثیت سے ایک منفرد شخصیت کے مالک ہیں جناب موصوف دولت زر کے ساتھ دولتِ علم سے بھی مالامال ہیں علم وفضل کے علاوہ اردو زبان کے صاحبِ طرز ادیب اور اردو فارسی کے شاعرِ شیوا بیان بھی ہیں چنانچہ یہ کتاب آپ کے ہی فارسی کلام کا مجموعہ ہے موصوف شعر کبھی کبھی اور کسی خاص تقاضہ سے مجبور ہو کر ہی کہتے ہیں اس وجہ سے کلام کی مجموعی تعداد آپ کی عمر کی نسبت سے بہت کم ہے اور اس بنا پر اس مجموعہ کو ایک باقاعدہ اور کہنہ مشق صاحب زبان شاعر کے کلام کی حیثیت سے جانچنا بھی درست نہ ہوگا۔ بہرحال زبان کی شستگی اور صفائی، خیالات کی سادگی اور حسن وعشق کے راز ونیاز کی لطافتیں الفاظ کی موسیقیت اور تغزل کا سوز وگداز چند چیزیں اس مجموعہ میں جگہ جگہ نظر آئیں گی جو صاحبِ تصنیف کے ادبی وشعری مذاق کی شگفتگی اور زندہ دلی کا ثبوت ہیں

© rasailojaraid.com